اوورسیز موبیلٹی (فیسلیٹیشن اینڈ ویلفیئر) بل، 2025 کا مسودہ
اکتوبر 09، 2025

وزارتِ خارجہ نے ایوان میں اوورسیز موبیلٹی (فیسلیٹیشن اینڈ ویلفیئر) بل، 2025 پیش کرنے کی تجویز رکھی ہے، جو موجودہ امیگریشن ایکٹ، 1983 کی جگہ لے گا۔

2. مجوزہ اوورسیز موبیلٹی (فیسلیٹیشن اینڈ ویلفیئر) بل، 2025 میں جامع امیگریشن انتظام کا تصور پیش کیا گیا ہے، جو بھارتی شہریوں کے بیرونِ ملک روزگار کے لیے محفوظ اور منظم ہجرت کا نظام قائم کرتے ہوئے ایک مؤثر انتظامی ڈھانچہ تشکیل دیتا ہے. اس میں ایک ایسا فریم ورک بھی قائم کیا گیا ہے جو پالیسی ساز اقدامات کو فروغ دینے اور تارکین وطن کی فلاح و بہبود کے تحفظ اور ترویج سے متعلق پالیسیاں اور منصوبے مرتب کرتا ہے.

3. مجوزہ اوورسیز موبیلٹی (فیسلیٹیشن اینڈ ویلفیئر) بل، 2025 کی اہم خصوصیات درج ذیل ہیں:

(i) یہ اوورسیز موبلٹی اور ویلفئیر کونسل قائم کرنے کی تجویز ہے جس کا مقصد وزارت کے مابین پالیسی انتظام کے سلسلے میں زیادہ سے زیادہ رابطہ فراہم کرنا ہے.

(ii) یہ بل بیرونِ ملک میں مواقع کو فروغ دینے اور کمزور طبقات کے تحفظ اور فلاح و بہبود کے لیے ایک انضباطی فریم ورک تشکیل میں توازن قائم کرنے کی تجویز رکھی گئی ہے.

(iii) اس بل میں انتظامیہ کی نگرانی اور منتقلی اور نقل و حرکت پر بین الاقوامی معاہدوں پر عمل درآمد کی غرض سے ایک طریقہ کار تشکیل دیا گیا ہے.

(iv) یہ مضبوط ڈیٹا پر مبنی پالیسی کا نظم و نسق قائم کرتا ہے جو لیبر مطالعات اور مختلف وزارتوں و محکموں کے ہم آہنگ اقدامات پر مبنی ہو.

4. اوورسیز موبیلٹی (فیسلیٹیشن اینڈ ویلفیئر) بل، 2025 کا مسودہ عوامی مشاورت کے لیے وزارتِ خارجہ کی ویب سائٹ https://www.mea.gov.in/overseasmobilitybill2025.htm پر دستیاب ہے.

5. بل سے متعلق مسودے پر تبصرے/تجاویز درج ذیل ای میلز پر مورخہ 07 نومبر، 2025 تک ارسال کی جا سکتی ہیں.

[ای میل کریں: us1.epw@mea.gov.in]
[ای میل کریں: consultant4.epw@mea.gov.in]

[ای میل کریں: so2oia1@mea.gov.in]

نئی دہلی
اکتوبر 09، 2025